اخبار الجامعہ

محمد ایوب غلام

7-4-08 رواں تعلیمی سال کے لئے جمعیت طلباء جامعہ کے انتخابات میں درج ذیل طلباء ذمہ دار منتخب ہوئے:
عبداللہ عبدالرحمٰن رابعہ ثانویہ (امیر)، عبدالسلام عبدالصمد رابعہ ثانویہ (نائب امیر)، مظفر سلطان رابعہ ثانویہ (نائب سیکرٹری)، عمر سالک ثالثہ ثانویہ (خازن)، عبدالباسط بشیر رابعہ ثانویہ (نائب خازن)، حافظ عبدالجلیل رابعہ ثانویہ، عبدالغفور ایوب، سیف اللہ عبدالشکور، عبداللہ شرف الدین (ناظمین صلاۃ)

20-4-08 جمعیۃ طلباء جامعہ کا افتتاحی جلسہ زیر صدارت فضیلۃ الشیخ ثناء اللہ سالک صاحب بڑی شان وشوکت کے ساتھ منعقد ہوا۔ مہمانان خصوصی ترجمان جماعت فضیلۃ الشیخ محمد ابراہیم خلیل الفعلی حفظہ اللہ، نمونہ سلف مولانا ابرہیم علی الخطیب، اور الشیخ عبدالباقی خان صاحب تھے۔
مہمانان خصوصی، چیدہ اساتذہ کرام اور چنیدہ طلباء نے تقاریر کیں: طالب علم غلام اللہ عبدالقادر نے دور حاضر کے حوالے سے بلتی میں تازہ کلام پیش کیا۔

6-6-08 کنوینز تحریک دعوت توحید پاکستان مولانا میاں محمد جمیل پرنسپل ابو ہریرہ اکیڈمی لاہور اور جناب قاری عصمت اللہ صاحب، مولانا تنویر احمد فاروقی صاحب بغرض تبلیغ تشریف لائے اور بلتستان کی مختلف مساجد میں خطبات جمعہ اور دروس ارشاد فرمائے اور جامعہ کے کئی برانچ مدارس کا دورہ کیا۔

8-6-8 جمعیت طلباء جامعہ کے زیر اہتمام مقابلہ حسن قرأت ونعت رسول ﷺ منعقد ہوا، صاحب صدارت امیر جمعیت اہل حدیث بلتستان مولانا عبدالرحمٰن حنیف حفظہ اللہ تھے، جبکہ مہمانان خصوصی جناب میاں جمیل صاحب اور قاری عصمت اللہ ظہیر تھے، منصفی کے فرائض حافظ ابراہیم خلیق صاحب اور الشیخ عبدالرحیم روزی صاحب نے سرانجام دیے۔ مقابلے میں 45 طلباء نے حصہ لیا۔

حسن قرأت میں حافظ عبدالحمید نے اول، حافظ محمد حسین نے دوئم اور عمران عبدالرشید نے سوم پوزیشن حاصل کی، نعت میں حافظ عبدالسلام نے اول، نذیر کوروی نے دوئم اور سلیم اللہ دانش نے سوم پوزیشن حاصل کی۔

13-6-08 ناظم تبلیغ مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان مولانا عبدالرشید حجازی، محترم جناب امتیاز احمد مجاہد ایڈوکیٹ صدر اہل حدیث یوتھ فورس پاکستان اور جناب قاضی ریاض قدیر صاحب جنرل سیکرٹری یوتھ فورس پاکستان تشریف